JS investments

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ جے ایس انویسٹمنٹس لمیٹڈ ('کمپنی' یا "JSIL") کے ممبران کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز بدھ، 28 دسمبر 2022ء صبح 10:30 بجے دی سینٹر، پندرہویں منزل، پلاٹ نمبر ۲۸، ایس بی ۵، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی اور زوم ویڈیو کانفرینسنگ پر درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

**غیر رسمی کاروائی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 159 کے تحت، 26 دسمبر 2022 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لیے سات کمپنی کے ڈائریکٹرز کو منتخب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درجِ ذیل ہیں، جو خود کو دوبارہ منتخب ہونے کے لیے پیش کرنے کے اہل ہونگے:

جناب سلیمان لالانی

محترمہ عائشہ فیرل صلاح الدین

جناب آصف رضا ثناء

جناب حسن شاہد

جناب عمران حلیم شیخ

جناب مرزا محمد سدید حسن برلاس

جناب زاہد اللہ خان

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 166 کے تحت اس نوٹس کے ساتھ ممبران کو ارسال کرنے والا گوشوارہ بھی موجود ہے۔

بحکم بورڈ

------------------------------

**محمد خاور اقبال**

چیف آپریٹنگ آفیسر اور کمپنی سیکریٹری

کراچی: 06 دسمبر 2022

**نوٹس**

1- 25 دسمبر 2022 کو کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کے عہدے کی مدت اختتام پذیر ہوگی۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 159 کے تحت، آئندہ تین سال کی مدت کے لیے غیر معمولی اجلاسِ عام میں ڈائریکٹرز نے منتخب کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سات مقرر کی ہے۔

2- کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخابات لڑنا چاہتا ہے، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور ہو، مذکورہ بالا اجلاس سے چودہ دن قبل اپنی درخواست درجِ ذیل دستاویزات اور معلومات کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروائیں۔

a- اس کا / کی فولیو نمبر/ سی ڈی سی سرمایہ کار نمبر/ سی ڈی سی شرکت کنندہ نمبر/ سب اکاؤنٹ نمبر۔

b- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 159 سے مطابقت رکھتے ہوئے، اپنے آپ کو ڈائریکٹرز کے انتخابات کے لیے پیش کرنے کا ارادہ ظاہر کرنے کا نوٹس۔

c- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 سے مطابقت رکھتے ہوئے، فارم 28 پر بطور ڈائریکٹر کے کام کرنے کی رضامندی ظاہر کرنا۔

d- کمپنی کی ویب سائٹ پر تقرری کے لیے ایک تفصیلی پروفائل اپنے آفس کے پتے کے ساتھ۔

e- اُسے کسی بھی مجازِ دائرہ کار کی عدالت نے کسی مالیاتی ادارے کے قرض کی واپسی میں نادہندہ قرار نہ دیا ہو۔

f- انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا چناؤ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 کی ضروریات کے تحت ہوگا۔ کمپنیز ایکٹ 2017 اوراس سے مطابقت رکھتے قواعد و ضوابط کے تحت انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی حیثیت سے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند کسی بھی ممبر کو ایک اقرار نامہ جمع کروانا ہوگا جس میں وہ اپنی اہلیت اور انڈیپنڈنٹ ہونے کا اہل ہوگا۔

g- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی تصدیق شدہ کاپی۔

h- ایک اقرار نامہ:

- وہ کسی قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط ( بشمول پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی فہرست سازی کی شرائط ) کے تحت کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے اہل نہیں ہیں۔
- وہ سات سے زائد لسٹڈ کمپنیز کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات کی انجام دہی نہیں کر رہے ہوں۔ تاہم اس میں کسی لسٹڈ کمپنی کی ذیلی کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپ شامل نہیں ہے۔
- نہ ہی وہ اور نہ ہی ان کا / کی شریکِ حیات بروکریج کے کاروبار سے منسلک ہیں یا کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کے اسپانسر ڈائریکٹر یا آفیسر ہیں۔
- وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشن کے تحت، اپنی ذمہ داریوں اور اختیارات سے بخوبی واقفیت رکھتے ہیں؛

i- NBFC اور NE ریگولیشن 2008 سے ضمیمہ A بمع مطلوبہ دستاویزات / اقرار نامہ / حلف نامہ پوری طرح سے پر کیا جائے۔ امیدوار کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ( SECP ) کے NBFC اور NE ریگولیشن 2008 کے شیڈول IX کی طرف سے وضع کردہ موزوں اور مناسب ( Fit and proper ) ٹیسٹ پر پورا اترنا چاہیے۔ ممبران ضمیمہ A اور شیڈول IX کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ( SECP ) کی منظوری سے منسلک ہے۔ غیر ملکی ڈائریکٹر کا انتخاب وزارتِ داخلہ کی سیکیوریٹی کلیرنس اور سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ( SECP ) سے مشروط ہے، جس کے لیے ایک ڈرافٹ اقرار نامہ کی ضرورت ہوگی جو کہ کاروباری اوقات میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

3- کمپنی نے اجلاسِ عام کا نوٹس پراکسی فارم کے ساتھ اپنی ویب سائٹ www.jsil.com پر ڈال دیا ہے۔

4- کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں 21 دسمبر 2022 سے 28 دسمبر 2022 ( بشمول دونوں دن ) اجلاسِ عام میں شراکت داروں کی شمولیت اور ووٹ دینے کے استحقاق کا تعین کرنے کے لیے بند رہیں گی۔

5- سینٹرل ڈپازٹری سسٹم کے تحت فزیکل ٹرانسفرز اور ڈپازٹ کی درخواستیں جو کمپنی کے خودمختار شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو 20 دسمبر 2022 تک بزنس کے اختتام سے قبل موصول ہونگی وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

6- اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا استحقاق رکھنے والے کمپنی کے رکن کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنی جگہ پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔

7- اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر پراکسیز موصول ہو جانی چاہیے۔

8- سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ( CDC ) بینیفیشل اونرز اور / یا ان کی پراکسیز کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے درج ذیل وضع کردہ رہنما ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

**A- اجلاس میں شرکت کے لئے**

a- سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے الیکٹرانک ذرائع سے اجلاسِ عام میں ممبران کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے جاری کی گئی وضاحت کی روشنی میں کمپنی نے اپنے شیئرز ہولڈرز کو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی سہولت بھی فراہم کی ہے۔

b- اس سلسلے میں، جو شیئر ہولڈرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے خواہشمند ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات " Registration for the EOGM of JSIL " کے عنوان کے ساتھ ای میل ایڈریس shareholders@jsil.com پر ای میل کریں۔ غیر معمولی

JS investments

اجلاسِ عام میں شامل ہونے کے لیے زوم لنک صرف ان شیئر ہولڈرز کو بھیجیں جائیں گی جن سے تمام مطلوبہ تفصیلات غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے پہلے دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوتی ہیں۔شیئر ہولڈرز غیر معمولی اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے اور سوالات shareholders@jsil.com پر ای میل پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

| سیریل نمبر | نام | فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

c- وہ ممبران جو کمپنی کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ذاتی طور پر حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں صوبائی اور/ یا وفاقی حکومت کی طرف سے جاری کردہ کوویڈ - 19 سے متعلق SOPs کو مدنظر رکھتے ہوئے شرکت کی اجازت دی جائے گی۔ کمپنی بہترین طریقوں پر عمل کرے گی اور حکومت کی SOPs کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ممبران کی فلاح و بہبود کے لئے تمام حفاظتی اقدامات موجود ہوں۔

d- انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق جاری کردی گئی ہیں، کو شناخت کے لئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ مع شرکت دار کے آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر اجلاس میں شرکت کے وقت دکھانا لازمی ہوگا۔

e- بصورتِ کارپوریٹ ادارہ بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد کردہ کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنی ہوگی ( اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی )۔

**B- پراکسیز کی نامزدگی**

a- انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جسکی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق جاری کردی گئی ہیں، مذکورہ بالا درکار ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

b- پراکسی فارم کا دو افراد سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہے، جن کا نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کے نمبرز فارم پر درج ہوں۔

c- پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی اور بینیفیشل اونرز کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔

d- پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

e- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں دستخط کے نمونے کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو فراہم کرنا ہوگی ( اگر پہلے فراہم کیئے گئے ہوں )۔

9- کمپنیز ( پوسٹل بیلٹ ) ریگولیشنز 2018 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 سے مطابقت رکھتے ہوئے کسی اور ایجنڈا آئٹم کے لیے ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے مذکورہ ضوابط میں وضع کردہ تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق اپنا ووٹ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

10- شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن ( 3 ) 166 سے مطابقت رکھتے ہوئے مادی حقائق کے گوشوارے**

کمپنیز ایکٹ 2017 کا سیکشن 166 مادی حقائق کا گوشوارہ فراہم کرتا ہے جو اجلاسِ عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے، جس کا مقصد ڈائریکٹرز کے انتخابات کروانا ہے، جو منتخب امیدوار کی بطور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے تقرری کے انتخاب کے جواز کی نشاندہی کرے گا۔ لسٹڈ کمپنیز ( کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ) ریگولیشن 2019 کے تحت کمپنی کو اپنے بورڈ میں دو انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کو رکھنا ضروری ہے۔اس کے مطابق، اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ منتخب کنندہ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 اور NBFC اور NE ریگولیشنز 2008 کے تحت انڈیپنڈنٹ ہونے کے مقرر کردہ معیار پر پورا اتریں گے اور ان کے نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیرِ انتظام انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں SECP سے باضابطہ تصدیق شدہ درج ہیں۔مزید یہ کہ، ان کا انتخاب انکی متعلقہ قابلیت، مہارت، علم اور تجربے کی وجہ سے کیا جائے گا۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے نام کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن ( 4 ) 159 کے تحت نوٹس میں شائع کیے جائیں گے۔